1989ء سے مسلسل اشاعت
22 تا 28 دسمبر 2023 | شمارہ نمبر 52 | جلد نمبر 35

ہفت روزہ
# پیپر بزنس کراچی
بانی: محمد رؤف

پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچررز، انڈنٹرز، امپورٹرز و ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطہ کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ

MC - 547 Price Rs. 100/-

**FAIR TRADE (Pvt) Limted**

A Trusted & Reliable Name for Geniune Trading of Paper & Board

Serving Since 1975

| Distributors | Importers |
|---|---|
| Flying Paper | Offset Paper |
| Bulleh Shah ( Packages ) | Bleached Board |
| Crown ( Fazal Paper ) | Art Card |
| Chenab ( A.K Ind. ) | |

4, Muhammadi Terrace, Tayyebji Road, Karachi.
Ph: 021-32625600 - 32625633 , Fax: (92-21) 32621614
Whatsapp: 0334-0209809, Email: fairtrade1961@gmail.com

IBM TM

ISO 900: 2015
International Business Management
CERTIFIED

PT. PABRIK KERTAS TJIWI KIMIA TBK

ART PAPER NEVIA

NINGBO FOLD
Little Star
Bleach Board

pindo deli paper products

Indah Kiat Pulp and Paper Products

SINAR

VERITAC
SELF ADHESIVE STICKER PAPER

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010
Brands of the year Award 2010
Brands of the year Award 2011-2012

111-IBM-PAK
Please Contact For Booking

First Floor, Darul Hina Building Tayabjee Road, Near Burhani Hospital Karachi.. 74200
PAKISTAN. Ph: +92-2132627061 Fax # 92-21-32629786 UAN: 111-426-725
Email: saleem.bikiya@ibmpak.com website: www.ibmpakistan.com

bmp
BMG





بزنس مین گروپ
کراچی و لاہور میں خدمت کے 13 سال
بزنس مین پینل

خامس سعید بٹ
گروپ لیڈر

جناب محمد سلیم بیکیا اور جناب خامس سعید بٹ کی قیادت پر ملک بھر کے پیپر مرچنٹس کا اعتماد

کل بھی تھا ۔ آج بھی ہے اور آئندہ بھی رہے گا

محمد سلیم بیکیا
چیئرمین






Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725







Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

pindo deli
paper producs

IBM™
PAKISTAN




VERITAC

## SELF ADHESIVE STICKER PAPER
## INDONESIA

**Today, Labelstock Products have been used in various industrial sectors, and thus, we're continuously developing new products to meet the market demand for ace labeling, retail outlet labeling, barcode label, and other general and use.**

FIRST ISO 9001:2015 CERTIFIED PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN
FIRST BRAND ICON AWARD 2010 PAPER INDENTING COMPANY IN PAKISTAN

IBM™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED

### INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

BRANDS ICON OF PAKISTAN 2010

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS

Brands of the year Award™ IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

1989 سے مسلسل اشاعت
weeklypaperbusiness.com
ہفت روزہ
بانی: محمد رؤف
پیپر بزنس کراچی
پیپر، پیپر بورڈ اور اسٹیشنری کے مینوفیکچرز، انڈنٹرز، امپورٹرز، ایکسپورٹرز، ٹریڈرز، پرنٹرز، سپلائرز اور پرنٹنگ کی صنعت سے وابستہ اداروں کے درمیان رابطے کا پاکستان کا واحد باقاعدہ تصدیق شدہ پہلا تجارتی جریدہ
اشاعت: بروز جمعۃ المبارک
صفحات: 22 رنگین 18 عمومی

رابطہ آفس: A-144 بھایانی شاپنگ سینٹر، بلاک M، نارتھ ناظم آباد، بالمقابل فاروق اعظم مسجد، کراچی۔ فون: 0308-2933229
weeklypaperbusiness@gmail.com

چیف ایڈیٹر:
محمد رؤف



ایڈیٹوریل بورڈ:
پبلشر و ایگزیکٹو ایڈیٹر: حرا رؤف
اسسٹنٹ ایڈیٹر: نعمان علی
پیج میکنگ و ڈیزائننگ: عمران صدیقی
سوشل میڈیا مارکیٹنگ: سمیر انصاری
معاون: عدنان انصاری

پبلشرز: حرا رؤف نے پرنٹر عبدالغیور، ٹارگٹ پرنٹرز، 14 بتول مارکیٹ، کراچی سے چھپوا کر شائع کیا

چارجز: 100 روپے
کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 2500 روپے
بیرون کراچی سالانہ سبسکرپشن بمعہ ڈاک خرچ 3000 روپے
خصوصی نرخ برائے کراچی پیپر مارکیٹ 1500 روپے
ای میگزین 1500 روپے

for Online Pyments
Summit Bank
Paper Market Branch,Karachi
A/c-No:0102562031171411296O
IBAN:PK72SUMB0256027140112960
United Bank Ltd (UBL)
Stratchen Road Branch, Karachi
A/c No : 0161596-4 Branch Cade: 0367

# 18 ویں عالمی کتب میلے کا کامیاب اختتام-5 لاکھ افراد کا دورہ

## نگراں وزیر اعلیٰ سندھ نے افتتاح کیا، صوبائی وزیر احمد شاہ، ایم کیو ایم کے خالد مقبول، فیصل سبزواری سمیت ادباء، دانشوروں، پروفیسرز و طلباء کی بڑی تعداد کی شرکت

## کاغذ پر ڈیوٹی میں کمی وقت کی اشد ضرورت ہے، عزیز خالد، وفاقی حکومت سے بات کروں گا، مقبول باقر، شرکت کے تمام ریکارڈ ٹوٹ گئے، وقار متین

کراچی (پیپر بزنس نیوز) پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے تحت ایکسپو سینٹر کراچی میں 18 ویں بین الاقوامی کتب میلے کا افتتاح 14 دسمبر کو 12 بجے دوپہر ہوا اور اسے عوام کے لیے صبح 10 بجے سے کھول دیا گیا تھا۔ یہ کتب میلہ 14 تا 18 دسمبر پانچ روز جاری رہا جس میں کتابوں کے 330 اسٹالز لگائے گئے تھے۔ میلے میں پہلے ہی روز عوام کا رش دیکھنے میں آیا۔ کتب میلے کا افتتاح نگراں وزیر اعلیٰ سندھ جسٹس (ر) مقبول باقر نے کیا۔ افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے نگراں وزیر اعلیٰ سندھ جسٹس (ر) مقبول باقر نے کہا کہ کسی معاشرے کی تکمیل و ترقی کے لیے کتاب کی اہمیت کلیدی حیثیت رکھتی ہے۔ انھوں نے کہا کہ یہ دیکھ کر خوشی ہوئی کہ یہاں اسٹال پر کھڑے ہو کر بچے کس طرح کتاب پڑھ رہے ہیں۔ انھوں نے پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کو اس بات کی یقین دہانی کرائی کہ وہ کاغذ اور درآمدی کتاب پر لگنے والی ڈیوٹی پر وفاقی حکومت سے بات کریں گے۔ چیئرمین پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے عزیز خالد نے کہا کہ پاکستان میں ڈالر کی قدر بڑھنے کے ساتھ ساتھ نئی درآمدی پالیسی میں کاغذ اور کتابوں پر بے انتہا ڈیوٹی لگا دی گئی ہے، لوکل مینوفیکچر کاغذ کی ڈیمانڈ پوری نہیں کر پا رہے جس کے سبب پرائیویٹ پبلشرز کی نصابی کتابیں بہت مہنگی ہوگئی ہیں جبکہ ادبی کتابوں کا خریدار اب موجود ہی نہیں ہے کیونکہ یہ کتابیں بھی مہنگی ہوچکی ہے۔ انھوں نے وزیر اعلیٰ سندھ سے مطالبہ کیا کہ وہ اس سلسلے میں وفاقی حکومت سے بات کریں اور اپنا کردار ادا کریں۔ چیئرمین عزیز خالد کا مزید کہنا تھا کہ پاکستان میں کتاب کی ثقافت اور لائبریری کلچر کو فروغ دینے کے لیے اس میلے کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ انھوں نے کہا کہ نجی اسکولز نے بک کلچر کے فروغ میں اہم کردار ادا کیا ہے، نجی اسکولز نے اپنے اداروں میں لائبریریز اور بک کارنر قائم کیے ہیں، وہ طلبہ میں کتب بینی کے فروغ میں اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ عزیز خالد نے کہا کہ ہم نے بڑے اور اچھے مصنفین کو یہاں بلایا ہے تاکہ انھوں نے جو کاوشیں کی ہیں ان کی ستائش کی جائے۔ افتتاحی تقریب سے ایم کیو ایم کے رہنما فیصل سبزواری نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہماری کتاب سے دوری کا مسئلہ یہ ہے کہ پڑھے لکھے لوگوں میں سے 95 فیصد وہ ہیں جنھوں نے صرف نصابی کتابیں ہی پڑھی ہیں، ہمارے یہاں مذاکرے اور مباحثے پر پابندی ہے۔ انھوں نے افغانستان میں قائم طالبان حکومت کو آئیڈیل کہنے والے اور ان کی کرنسی کی قدر کو بہتر کہنے والوں پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہم اپنے ملک کی نصف آبادی خواتین کو گھر بٹھا دیں یا اسکول، کالج اور یونیورسٹیز کے دروازے ان پر بند کر دیں اور مختلف طبقہ ہائے زندگی سے انھیں باہر کر دیں تو شاید ہماری کرنسی کی قدر بھی بڑھ جائیں اور ہمارے اخراجات بھی کم ہو جائیں۔ اس موقع پر کتب میلے کے کنوینر وقار متین نے مہمانوں کا شکریہ ادا کیا جبکہ معروف مصنف اور اردو لغت بورڈ کے سابق سربراہ عقیل عباس جعفری اور اردو ادب کے معروف شاعر ڈاکٹر ہلال نقوی، آکسفورڈ پبلشرز کی سابق سربراہ امینہ سید اور مذہبی اسکالر علیم قریشی کو ایوارڈ دیے گئے۔ پانچ روزہ کراچی عالمی کتب میلے کے (باقی صفحہ ۱۶ پر ملاحظہ کیجیے)






یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# کراچی چیمبر چھوٹے تاجروں کے مسائل کے حل کیلئے ہمیشہ ساتھ ہے، عبدالمجید میمن

## کے ایم سی مارکیٹوں کے کرایوں میں اضافہ واپس لیا جائے، کے ایم سی مارکیٹ الائنس کے وفد کی چیئرمین اسمال ٹریڈرز سے ملاقات





کے ایم سی مارکیٹ الائنس ایسوسی ایشن کا ایک وفد محمود حامد کی قیادت میں عبدالمجید میمن اور تنویر باڑی سے ملاقات کر رہا ہے

کراچی (پیپر بزنس نیوز) کراچی چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹریز کی اسمال ٹریڈرز کمیٹی کے چیئرمین عبدالمجید میمن نے کے ایم سی کی مارکیٹ کے دکانداروں کو یقین دلایا ہے کہ کے ایم سی مارکیٹ کے کرایوں میں 150 فیصد اضافے کے سنگین مسئلے پر کراچی چیمبر انہیں تنہا نہیں چھوڑے گا۔ کراچی چیمبر پہلے بھی چھوٹے تاجروں کے مسائل کے حل کے لیے ان کے ساتھ تھا اور آئندہ بھی ان کے ساتھ کھڑا رہے گا۔ تاجر مایوسی کا شکار نہ ہوں۔ وہ جمعرات 14 دسمبر کو کے ایم سی مارکیٹ الائنس کے وفد سے بات چیت کر رہے تھے۔ جس نے اسمال ٹریڈرز کراچی کے صدر اور کے ایم سی مارکیٹس الائنس کے کنوینر محمود حامد کی قیادت میں ان سے ملاقات کی اور انہیں کے ایم سی مارکیٹوں کے کرایوں میں 150 فیصد ظالمانہ اضافے سے پیدا ہونے والی صورتحال اور تاجروں کی بے چینی سے آگاہ کیا۔ محمود حامد نے کہا کہ موجودہ معاشی حالات میں جب تاجر دیوالیہ ہو رہے ہیں ،لوگ مہنگائی اور بھوک کی وجہ سے خودکشیاں کر رہے ہیں، تاجروں کا کام دن بدن سکڑتا جا رہا ہے ایسے موقع پر میئر کراچی کی جانب سے کے ایم سی کی دکانوں کے کرایوں میں 150 فیصد اضافہ ظلم کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ قانون کرایہ داری 1979 کی رو سے کرایوں میں سالانہ اضافہ 10 فیصد سے زائد نہیں ہوسکتا اور خود بلدیہ عظمی کی کونسل نے 2017 میں سالانہ کرایوں میں 20 فیصد اضافے کی قرارداد منظور کی لیکن اب اس کے برخلاف کرایوں میں 150 فیصد اضافہ کرنے کا اعلان کیا جا رہا ہے جو تاجروں کے لیے ناقابل قبول ہے۔

## خام مال پر ان پٹ ایڈجسٹمنٹ کے لیے ایچ ایس کوڈ کی فہرست کا اجرا

اسلام آباد (بزنس ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) نے مختلف شعبوں میں مینوفیکچررز کو سہولت فراہم کرنے کے اقدام کے تحت ٹیکس ان پٹ ایڈجسٹمنٹ کے لیے اہل ہارمونائزڈ سسٹم (HS) مصنوعات کی ایک جامع فہرست جاری کردی۔ یہ سرکلر صنعتوں کے ذریعے استعمال ہونے والے خام مال کا خاکہ پیش کرتا ہے اور ان پٹ ٹیکس ایڈجسٹمنٹ کی اجازت دینے کے لیے ہموار عمل کی اہمیت پر زور دیتا ہے۔ ایف بی آر کی طرف سے فراہم کردہ ایچ ایس کوڈ کی فہرست میں معیشت کے لیے بہت اہم شعبوں کو شامل کیا گیا ہے۔ شناخت شدہ شعبوں میں ویونگ، ڈائینگ اور پرنٹنگ، اسٹیل میلٹرز/ری رولرز، آئل اور گھی، کیمیکلز، سیمنٹ، لیڈ اور بیٹریز کے ساتھ ساتھ پیپر اور پیپر بورڈ شامل ہیں۔ ایف بی آر کی جانب سے اس اسٹریٹجک اقدام کا مقصد مختلف مینوفیکچرنگ پراسیس کے لیے ضروری خام مال کے ساتھ ان پٹ ٹیکس ایڈجسٹمنٹ کو سیدھ میں لا کر ٹیکس کے نظام میں شفافیت اور کارکردگی کو بڑھانا ہے۔ ایف بی آر نے اس بات پر زور دیا کہ ہر شعبے سے وابستہ ان پٹ، سامان اور خدمات کی مثبت فہرست کی تالیف اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ وسیع مشاورت کے نتیجے میں ہوئی۔ فہرست، جو اب باضابطہ طور پر مطلع کی گئی ہے، متعلقہ قانونی دفعات کے مطابق ہے اور تمام متعلقہ حلقوں سے آراء سمیت جائزہ لینے کے مکمل عمل سے گزری ہے۔ متذکرہ بالا شعبوں کے نمائندوں سمیت اسٹیک ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ جاری کردہ فہرست کی مستعدی سے جانچ پڑتال کریں۔ ایف بی آر نے اسٹیک ہولڈرز کے لیے 28 دسمبر 2023 کی آخری تاریخ مقرر کی ہے کہ وہ فہرست میں موجود کسی بھی آئٹم کو شامل کرنے یا حذف کرنے کے حوالے سے اپنی سفارشات فراہم کریں۔ تاثرات کے لیے یہ کھلی دعوت FBR کے متنوع نقطہ نظر کو شامل کرنے اور صنعت کی مخصوص ضروریات کی بنیاد پر فہرست کو بہتر بنانے کے عزم کی نشاندہی کرتی ہے۔ جائزہ کے عمل میں اسٹیک ہولڈرز کو شامل کرنے کا ایف بی آر کا فیصلہ ٹیکس فریم ورک بنانے کے لیے ایک باہمی تعاون پر مبنی نقطہ نظر کو ظاہر کرتا ہے جو منصفانہ، شفاف اور کاروبار کی ضروریات کے مطابق ہو۔ صنعت کے ماہرین سے ان پٹ حاصل کر کے، ایف بی آر کا مقصد ممکنہ خلا کو دور کرنا ہے، اس بات کو یقینی بنانا کہ فہرست ہر شعبے کے مخصوص خام مال پر انحصار کی پیچیدگیوں کو درست طریقے سے ظاہر کرتی ہے۔ ٹیکس ان پٹ ایڈجسٹمنٹ کے لیے HS کوڈ کی فہرست کے اجراء سے کاروباروں پر مثبت اثرات مرتب ہوں گے، جو انھیں ضروری خام مال پر ٹیکس کریڈٹس کے دعوے میں وضاحت اور مستقل مزاجی فراہم کرے گا۔ جیسا کہ ایف بی آر اپنی ٹیکس پالیسیوں کو بہتر بنا رہا ہے، یہ اقدام اقتصادی ترقی اور ترقی کے لیے سازگار ماحول کو فروغ دینے کے عزم کی عکاسی کرتا ہے۔ مینوفیکچررز اور اسٹیک ہولڈرز کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ نظر ثانی کے عمل میں فعال طور پر شامل ہوں، اور زیادہ موثر اور جوابدہ ٹیکس نظام کی تشکیل میں اپنا حصہ ڈالیں۔

## ڈاکٹر فرید اقبال قریشی نئے ممبر کسٹمز آپریشنز تعینات

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) پاکستان کسٹم سروس بنیادی اسکیل 12 کے عہدیدار ڈاکٹر فرید اقبال قریشی نے ایف بی آر کے نئے ممبر کسٹمز آپریشنز کا بدھ 31 دسمبر 3202ء کو عہدہ سنبھال لیا ہے۔ اُنکی پیشرو ایف بی آر کی ممبر کسٹمز آپریشنز محترمہ زیبا حئی اظہر نے بدھ 31 دسمبر کو اپنے عہدے کا چارج چھوڑ دیا ہے۔ وہ بھی پاکستان کسٹم سروس بنیادی اسکیل 12 کی سینئر عہدیدار تھیں۔ ایف بی آر نے بدھ 31 دسمبر کو نوٹیفکیشن نمبر 6833/66 سی ون 3202ء پیرزادہ عمر قاسمی سیکرٹری ایچ آر کے دستخطوں سے جاری کیا ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# AFTAB ENTERPRISE

ART CARD · ART PAPER · OFFSET PAPER

STICKERS · BOX BOARD · IMPORTED & LOCAL

## & OTHER VARIETIES OF PAPER & PAPER BOARD

**Muzammil**
0335-7582791

**Aftab**
0324-2526756
0304-2669084

**Asghar**
0303- 2959011

Shop # 2, Taj Mahal Building,
Faiz Muhammad Fateh Ali Road, Paper Market, Karachi.
Tel : 021-32623851 /32623852 /32623853





یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# SALMAN PAPER PRODUCTS ( PVT ) LTD

## Importer, Manufacturer and Wholeseler

## WE DEALS IN:

- Coated Packaging Board
- Art Card
- Duplex Board
- Colour Card
- Brief Card
- Uncoated Board
- Kraft Card
- Kraft Liner
- Office Stationery
- Corrugation Carton
- Offset Printing Paper
- Art Paper
- Photocopier Paper
- Kraft Paper
- Sticker Paper
- Corbonless Paper
- School Stationery
- Boxes
- Label Printing
- Exercise Copies & Registers

## Different Size of Packets and Reels

Room # 201,213 2nd Floor, IBM Center, Hassan Ali Effendi Road,
Paper Market, Karachi.
Phone : 021-32216671, 32212081, 32601020
aslamjilani1@hotmail.com / salmanpaperproductspvtltd@gmail.com





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725





IBM TM
ISO 9001: 2015 CERTIFIED

## INTERNATIONAL BUSINESS MANAGEMENT

First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company in Pakistan
First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road Near Burhani Hospital, Karachi UAN:111-IBK-PAK
Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786
Email: saleemibm@cyber.net.pk, Website:www.ibmpakistan.com

Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS
Brands of the year Award TM IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

IBM™
ISO 9001: 2015
CERTIFIED

# انٹرنیشنل بزنس مینجمنٹ

## اپنے اراکین وگاھگوں کے لئے
## خدمت میں ایک قدم اور آگے

## IBMکی طرف سے پیپر کی گرامیج معلوم کرنے کا آلہ





**Sponsored By IBM**

اپنے معزز کرم فرماؤں کو یقین واعتماد کے ساتھ خریداری میں مدد کے لئے۔

تاکہ وہ معیار اور مقدار کے بارے میں ازخود اطمینان حاصل کرسکیں

آئی بی ایم کے اراکین کے لئے رعایتی نرخ پر دستیاب ہے

رابطے کے لئے **0300-2011313**

IBM™

**International Business Managemnet**

**First ISO 9001-2015 Certified Paper Identing Company In Pakistan**

First Floor, Darul Hina Building, Tayabjee Road, Near Burhani Hospital,
Karachi UAN:111-IBK-PAK

Ph # 92-21-32627061-63, Fax # 92-21-32629786

Email: saleem.bikiya@ibmpak.com Website:www.ibmpakistan.com

Certified Quality Management System ISO 9001: 2015

Winner of Brands Icon of Pakistan 2010

Winner of Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2010

Winner of Brands of the year Award IT'S ALL ABOUT CHAMPIONS 2011-2012





Printed on NEVIA Gloss - Art Paper, China, 113 Gsm. Contact for Booking IBM: 111-426-725

# نیوز پرنٹ ریلز، مقامی ڈپلیکس بورڈ، کاربن لیس، آرٹ کارڈ اور فوٹو کاپی پیپر کی قیمتوں میں کمی، اسٹیکر میں اضافہ

کراچی (پرائس سروے رپورٹ) کراچی پیپر مارکیٹ میں کاروباری سرگرمیاں جاری رہیں اور 20 دسمبر 2023 کو ختم ہونے والے ہفتہ کو مارکیٹ سے موصولہ اطلاعات کے مطابق ہول سیل مارکیٹ میں اسٹیکر پیپر کانٹیک، ویریٹیک، یونگی، سپرٹیک، گولڈن ٹیک جی ایس ایف، پاورٹیک، وائی ایم سی، لنٹیک اور لیبل ٹیک کی قیموں میں اضافہ دیکھا گیا۔ جبکہ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار اور رائزنگ سن، پنڈو آرٹ کارڈ، رشین نیوز پرنٹ ریلز، مقامی ڈپلیکس بورڈ عوامی، کلاسک اور انر جی، آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا، گرافک بورڈ ساوی برائٹ اور فوٹو کاپی پیپر کے مختلف برانڈز کی قیمتوں میں کمی ریکارڈ کی گئی۔ دیگر پیپر و پیپر بورڈ کے برانڈز کی قیمتوں میں استحکام رہا۔ پیپر و پیپر بورڈ کے جن برانڈز میں اس ہفتے جورد و بدل ہوا اس کی تفصیلی رپورٹ قارئین کے لئے پیش خدمت ہے۔

ہول سیل مارکیٹ کی صورتحال اس طرح سے ہے کہ پنڈو آرٹ کارڈ تمام سائز، 260، 250، 210، 200، 190، 310، 300 اور 350 گرام، 385 روپے سے کم ہو کر 380 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ آرٹ کارڈ ننگبو اسٹار چائنا تمام سائز 250۔ 270۔ 300 اور 350 گرام، 410 روپے سے کم ہو کر 390 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ کاربن لیس پیپر امپریشن اسٹار چائنا 24x34 سائز 6450، روپے سے کم ہو کر 6200 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔ کاربن لیس پیپر رائزنگ سن 24x34 سائز 6400، روپے سے کم ہو کر 6200 روپے فی ریم ہو گیا ہے۔ گرافک بورڈ ساوی برائٹ 23x36 سائز، 290 گرام، 480 روپے سے کم ہو کر 440 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ گرافک بورڈ ساوی برائٹ 25x36 سائز، 290 گرام، 480 روپے سے کم ہو کر 440 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ ـ مقامی ڈپلیکس بورڈ عوامی / ایچ پی تمام سائز تمام گرام، 175 روپے سے کم ہو کر 155 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ کلاسک تمام سائز 250 گرام 214 روپے سے کم ہو کر 206 روپے، تمام سائز 300-350 گرام 211 روپے سے کم ہو کر 206 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی ڈپلیکس بورڈ انر جی سنر جی مل تمام سائز 290 گرام 235، روپے سے کم ہو کر 230 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ مقامی آفسیٹ پیپر سپریم مل تمام سائز 60 گرام، 250 روپے سے کم ہو کر 240 روپے فی کلو ہو گیا ہے۔ رشین نیوز پرنٹ ریلز سائز 24.85 انچ، 42 گرام، 250 روپے سے کم ہو کر 240 روپے، سائز 26.75 انچ، 42 گرام، 250 روپے سے کم ہو کر 240 روپے، سائز 23 انچ، 42 گرام، 250 روپے سے کم ہو کر 240 روپے، سائز 30 انچ، 42 گرام، 250 روپے سے کم ہو کر 240 روپے، سائز 33 انچ، 42 گرام، 250 روپے سے کم ہو کر 240 روپے فی کلو ہو گئی ہیں۔ ہائی برائٹ ریلز تمام سائز 52 گرام، 350 روپے سے کم ہو کر 300 روپے فی کلو ہو گئی ہیں۔ تمام سائز 55 گرام، 350 روپے سے کم ہو کر 300 روپے فی کلو ہو گئی ہیں۔ فوٹو کاپی پیپر انڈونیشیا پی پی سی براؤن 70 گرام، 1020 روپے سے کم ہو کر 1000 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ پی پی سی براؤن 80 گرام، 1250 روپے سے کم ہو کر 1200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 70 گرام 1000، روپے سے کم ہو کر 980 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ بی ایل سی 80 گرام 1240، روپے سے کم ہو کر 1220 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 70 گرام، 1030 روپے سے کم ہو کر 1020 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی لوگو 80 گرام، 1350 روپے سے کم ہو کر 1300 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی F4B-13 ۔ 70 گرام، 1380 روپے سے کم ہو کر 1360 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی F4A-13.5 ۔ 70 گرام 1420، روپے سے کم ہو کر 1400 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ آئی کے کاپی A3 سائز 70 گرام 2500، روپے سے کم ہو کر 2400 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ ڈبل اے تھائی لینڈ 80 گرام، 1410 روپے سے کم ہو کر 1400 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ میرم دبئی 70 گرام، 980 روپے سے کم ہو کر 960 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر کانٹیک 20x30 سائز 3900 روپے سے بڑھ کر 4200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر ویریٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز الٹرا 6900 روپے سے بڑھ کر 7000 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر یونگی چائنا 20x30 سائز 4000 روپے سے بڑھ کر 4200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر سپرٹیک 20x30، سائز، 3900 روپے سے بڑھ کر 4200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر گولڈن ٹیک جی ایس ایف 20x30 سائز 3900، روپے سے بڑھ کر 4200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر پاورٹیک چائنا 20x30 سائز 3800، روپے سے بڑھ کر 4100 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر وائی ایم سی چائنا 20x30 سائز، 3900 روپے سے بڑھ کر 4200 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لنٹیک انڈونیشیا 20x30 سائز 9500، روپے سے بڑھ کر 9800 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔ اسٹیکر پیپر لیبل ٹیک چائنا 20x30 سائز 3950، روپے سے بڑھ کر 4300 روپے فی پیکٹ ہو گیا ہے۔

## ڈالر 382 کی سطح پر برقرار

کراچی (بزنس ڈیسک) انٹر بینک میں بدھ 20 دسمبر کو کاروبار کے آغاز میں ہی امریکی ڈالر چند پیسے سستا ہوا ہے۔ انٹر بینک میں ڈالر 16 پیسے سستا ہو کر 282 روپے 85 پیسے کا ہو گیا۔ منگل 19 دسمبر کو بھی انٹر بینک اور اوپن مارکیٹ میں ڈالر کی قیمت میں کمی کا رجحان رہا تھا، انٹر بینک میں 5 پیسے کی کمی سے ڈالر کی قدر 283.26 روپے سے کم ہو کر 283.21 روپے ہو گیا جبکہ اوپن مارکیٹ میں 25 پیسے کی کمی سے ڈالر کی قیمت 284.25 روپے پر آ گئی۔ رپورٹ کے مطابق یورو کی قدر 311 روپے اور برطانوی پاؤنڈ کی قیمت کسی تبدیلی کے بغیر 361 روپے رہی۔ سعودی ریال 76 روپے اور یو اے ای درہم 78 روپے رہا۔

CARBONLESS
WHITE & COLOUR
24 X 34 23 X 36

CB + CFB + CF CARD

Kantak Sticker

Cream Offset Japan
105-Gsm


CHAND TRADERS

Karachi Office: 1-AL Mohsin Building,
Tayyabji Road, Karachi. 74200.
Tel: 32627311 - 32627411

Lahore Office: 44-Zulqarnain Chambers,
Ganpat Road, Lahore. 54000
Tel:37232889 - 37248501
Fax: 37227826
E-mail: chandtraders92@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725




# کسٹم افسران پر کرپشن ثابت ہونے کا خواب؟؟

10 جولائی 2023 کو اخبارات میں پہلے دو کسٹمز اہلکاروں سپرنٹنڈنٹ کسٹم انٹیلی جنس یاور عباس اور سینئر پریونیٹو آفیسر کلکٹریٹ آف انفورسمنٹ طارق محمود کے لاپتہ ہونے کی خبر شائع ہوتی ہے اور بتایا جاتا ہے کہ وہ 7 جولائی سے لاپتہ ہیں۔ بعد ازاں فیڈرل انوسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) نے 13 جولائی 2023 کو ان افسران کی گرفتاری ظاہر کی اور گرفتاری کے اگلے دن 14 دسمبر کو باقاعدہ ایف آئی آر درج ہوجاتی ہے۔

یاور عباس کا تعلق اس محکمہ سے ہے جس کا کام خفیہ طریقے سے بدعنوانیوں کا پتہ لگا کر اس کی تحقیق کرنا ہے یعنی اس محکمے کو سب معلوم ہوتا ہے کہ پورے کسٹم میں کیا ہو رہا ہے اور کیا ہونا چاہیئے۔

دوسرے افسر طارق محمود کا تعلق اس شعبہ سے ہے جس کی بنیادی ذمہ داری اسمگلنگ کی روک تھام ہے۔ ان کی گرفتاری کے ساتھ ہی ملک بھر کے الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا میں کسٹم افسران بشمول کلکٹر کسٹم انفورسمنٹ کی اسمگلنگ بالخصوص چھالیہ کی اسمگلنگ میں معاونت کے چرچے ہوتے رہے۔ ایف آئی اے دھوم دھام کے ساتھ کسٹم افسران پر سنگین نوعیت کے الزامات لگاتا رہا اور اس نے اس کیس میں 17 افسران پر سنگین نوعیت کے چالان عدالت میں جمع کرا دیئے۔ جس میں ایف بی آر کے کلکٹر کی سطح کے تین افسران، سابق کلکٹر انفورسمنٹ عثمان باجوہ، سابق کلکٹر انفورسمنٹ ثاقب سعید اور حاضر سروس کلکٹر کسٹم انفورسمنٹ عامر تھیم کے نام نمایاں ہیں اور ان پر الزام ہے کہ وہ رشوت اور اسپیڈ منی کے نام پر کروڑوں روپے وصول کرتے تھے۔

ایف آئی اے کا کہنا تھا کہ یہ ملزمان اپنے سینئر افسران کے ساتھ مل کر ایک منظم نیٹ ورک چلا رہے تھے جس سے قومی خزانے کو اربوں روپے کا نقصان پہنچا ہے۔

طریقہ واردات یہ رکھا گیا تھا کہ یہ افسران وصولیاں کر کے سونے کی سلاخیں خرید کر اسے آپس میں تقسیم کر لیتے تھے اس سلسلے میں ایف آئی اے نے اس جیولرز کا بھی پتہ لگا لیا تھا جہاں سے یہ سونے کی سلاخیں خریدی جاتی تھیں اور ایک مضبوط چالان کسٹم عدالت میں پیش کر دیا۔ اس کیس میں نامزد ملزمان میں سے یہ صرف دو افسران گرفتار تھے باقی کچھ نے ضمانت قبل از گرفتاری کرالی تھی اور کچھ مفرور قرار دیئے گئے تھے۔

ایف آئی اے نے ایک شاندار عبوری چالان عدالت میں پیش کیا جس کے نتیجے میں ان دو گرفتار افسران کی درخواست ضمانتیں تمام ذیلی عدالتوں بشمول ہائی کورٹ سے مسترد ہو گئیں اور آخر کار وہ سپریم کورٹ سے اپنی ضمانت کرانے میں کامیاب ہو گئے۔ اس کے لئے انہیں اپنی کروڑوں روپے کی رقوم سے لاتعلقی ظاہر کرنا پڑی جو ایف آئی اے نے ان کی گرفتاری کے وقت ظاہر کی تھی اور یقیناً یہ رقم خواہ ان کے گھر سے برآمد ہوئی یا ان کی گاڑی سے، سرکاری خزانے میں جمع کرانے کے سپریم کورٹ آف پاکستان کے حکم پر جمع ہوگئی ہے۔ اس طرح اب یہ دو ملزمان عبوری آزاد ہو گئے ہیں۔

جب ایف آئی اے نے چالان پیش کیا تھا اور ہمت کر کے کلکٹر کی سطح کے افسران کے نام بھی اس میں شامل کئے تھے جس پر ایف بی آر نے بھی ایکشن لیتے ہوئے حاضر سروس کلکٹر عامر تھیم کو معطل کر دیا تھا جبکہ ثاقب سعید اور عثمان باجوہ کو بھی ان کے موجودہ عہدوں سے ہٹا کر او ایس ڈی بنا دیا گیا تھا، تو امید ہو چلی تھی کہ ملک کی دیگر انٹیلی جنس ایجنسیوں کی مدد سے اس نیٹ ورک کے کردار کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا کیونکہ اس کیس میں خود کسٹم انٹیلی جنس کے افسران بھی ملزمان ہیں، لیکن پاکستان کی 75 سالہ تاریخ میں ابھی تک ایسا نہیں ہو سکا کہ کوئی کرپشن کا اسکینڈل سامنے آیا ہو اور وہ اپنے منطقی انجام تک پہنچ کر دوسروں کے لئے باعث عبرت بنا ہوا۔ جولائی سے اب تک تقریباً چھ ماہ ہو رہے ہیں، ابھی تک یہ کیسز التوا کا شکار ہیں اور شاید اب یہ سالوں التوا کا شکار رہیں گے کیونکہ ملزمان اب جیل سے باہر ہیں اور وہ اپنے اثر و رسوخ، تعلقات کے علاوہ مبینہ رشوت کی وصولی کی رقم سے کچھ ادائیگی کے بعد خود کو بری کرانے میں بھی کامیاب ہو جائیں گے اور ثبوت مٹانے کا سلسلہ شروع ہو جائے گا جیسا کہ انہوں نے پہلے مرحلے میں برآمد شدہ رقم سے ہی لاتعلقی ظاہر کر کے اپنی جان چھڑالی ہے۔

اگر موجودہ آرمی چیف اور دیگر انٹیلی جنس ایجنسیاں واقعی ملک سے کرپشن کا خاتمہ اور معیشت کی ترقی چاہتے ہیں اور دنیا بھر میں بدعنوانی پر بدنام پاکستان کو کچھ بہتر پوزیشن پر لانا چاہتے ہیں تو وہ ایف بی آر کو پابند کریں کہ جن افسران کے نام چالان میں موجود ہیں ان کے ملک اور بیرون ملک اثاثوں کی تفصیل حاصل کی جائے اور اس وقت تک انہیں کوئی عہدہ نہ دیا جائے جب تک اس کیس کا فیصلہ نہ ہو جائے اور اگر عدالت انہیں بری کرتی اور ایف آئی اے الزامات ثابت کرنے میں ناکام ہو جاتی ہے تو ان ایف آئی اے افسران کے خلاف بھی کارروائی ہونی چاہیئے جنہوں نے یہ تحقیقات کی تھیں اور اس بات کو بھی دیکھا جائے کہ کہیں انہوں نے اپنا حصہ لے کر تو اس کیس کو کمزور تو نہیں کیا۔

اب چونکہ کسٹم کے اپنے انٹیلی جنس ادارے کی کوئی ساکھ ہی نہیں ہے اور وہ خود اسمگلرز کو سہولت کاری فراہم کر رہا ہے تو یقیناً اس کے لئے دیگر ایجنسیوں کو غیر جانبدارانہ تحقیقات کر کے اس کے ملزمان کو دیگر کے لئے نمونہ عبرت بنا دینا چاہیئے تاہم اس کرپشن کے حقیقی گواہ تمام امپورٹرز، ایکسپورٹرز کلیئرنگ اینڈ فارورڈنگ ایجنٹس ہیں کہ کسٹم میں اسپیڈ منی کے ساتھ ساتھ غیر قانونی کاموں کے لئے رشوت کی کیا شرحیں ہیں۔ اور یہ بات کسی سے ڈھکی چھپی بھی نہیں ہے کہ کسٹم کے چپڑاسی سے لے کر کلکٹر کی سطح تک کے تمام افسران اس بہتی گنگا میں ہاتھ دھوتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ کسٹم کی کرپشن ثابت ہونے کا خواب اس کیس میں ضرور شرمندہ تعبیر ہوگا۔

انشاءاللہ۔




اپنی رائے کا اظہار کیجئے
raufansari63@gmail.com



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

# پاکستان کیلئے فچ کی کریڈٹ ریٹنگ میں کمی

اسلام آباد (نیوز ڈیسک) عالمی ریٹنگ ایجنسی فچ کی جانب سے پاکستان کی ریٹنگ ٹرپل سی پر برارار رکھنے کے پاکستانی معیشت پر منفی اثرات ہوں گے کیونکہ اس سے پاکستان کی جانب سے غیر ملکی بینکوں سے تجارتی قرض حاصل کرنیکی کوششوں کو اور بین الاقوامی بانڈز لانچ کرنے کی کوششیں بری طرح متاثر ہوں گی۔ فچ کے مطابق انتخابات کے بعد آئی ایم ایف کا موجودہ اسٹینڈ بائی پروگرام ختم ہونے کے بعد آئی ایم ایف کا کوئی بھی فالو اپ پروگرام پاکستان سے بھرپور ساختیاتی اصلاحات کا تقاضا کریگا ایسی اصلاحات جو گہری جڑیں پکڑے ہوئے گروہی مفادات کیخلاف ہوں اور انکی طاقتور مخالفت ہوگی، پاکستان 3.5 ارب ڈالر کا قرض تجارتی بینکوں سے حاصل کرنے پر نگاہ لگائے بیٹھا تھا اور اگرچہ آئی ایم ایف پروگرام سے ملک کی ریٹنگ کچھ بہتر بھی ہوئی لیکن یہ ساری کوششیں فچ کی جانب سے حالیہ نتائج کے بعد گویا خاک چاٹ رہی ہیں۔ وزارت خزنہ کے اندر کچھ توقعات تھیں کہ فچ اور دیگر ادارے کم از کم ایک مرتبہ تو اپنی رپورٹ میں کچھ تو بہتری لائیں گے کیونکہ آئی ایم ایف سے اسٹاف لیول معاہدہ ہوگیا ہے لیکن فچ کی حالیہ رپورٹ نے ملک کے معاشی مینجرز کے لیے بیرون ملک سے تجارتی بینکوں اور بین الاقوامی بانڈز کے ذریعے ڈالر لانے کو بھی مشکل تر بنا دیا ہے۔ آئی ایم ایف نے اسٹاف لیول معاہدے کے بعد پاکستانی معیشت کی تعریف کی تھی لیکن فچ نے ٹرپل سی کی ریٹنگ برقرار رکھی ہے چنانچہ دونوں ادارے بیک وقت تو ٹھیک نہیں ہو سکتے۔

## بختیار احمد نئے ممبر ایف بی آر تعینات، 19 تا 21 گریڈ کے افسران کے تبادلے

اسلام آباد (نیوز ڈیسک (ایف بی آر نے بنیادی اسکیل 19 تا 21 عہدیداروں کی نئی تقرریاں کی ہیں، متعدد نوٹیفکیشن جاری' ہفتہ رواں میں کراچی اور اسلام آباد میں اپنی منصبی ذمہ داریاں سنبھالیں گے ایف بی آر کے بنیادی اسکیل 21 کے ان لینڈ ریونیو سروس کے عہدیدار بختیار محمد کو ایف بی آر کا نیا ممبر مقرر کیا گیا ہے جس کا چارج انہوں نے 18 دسمبر کو سنبھالا ہے۔ ایف بی آر نے نوٹیفکیشن نمبر 3433 آئی آر ون 2023ء جاری کیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ بختیار محمد بنیادی اسکیل نمبر 21 ان لینڈ ریونیو سروس ڈائریکٹر جنرل انٹرنل آڈٹ ان لینڈ ریونیو اسلام آباد کے عہدے سے سبکدوش ہو گئے ہیں۔ ایف بی آر نے نوٹیفکیشن 3432 آئی آر ون 2023ء جاری کیا ہے جس کے تحت بنیادی پے اسکیل نمبر 19 سے بنیادی پے اسکیل 21 کے ان لینڈ ریونیو سروس کے عہدیداروں کے تقرر و تبادلے عمل میں لائے گئے ہیں۔ محمد اعظم شیخ ممبر ایف بی آر کو تبدیل کر کے ڈائریکٹر جنرل انٹرنل آڈٹ ان لینڈ ریونیو سروس مقرر کیا گیا ہے۔ اسماء آفتاب ڈائریکٹر آئی آر ایس اکیڈمی کو کمشنر آئی آر زون ون میڈیم ٹیکس پیئرز آفس عباس احمد میر چیف آئی ٹی ونگ کو ڈائریکٹر ڈیجیٹل کا اضافی چارج دیا گیا ہے۔ مس تجمل بلقیس کمشنر ود ہولڈنگ ٹیکس آر ٹی او اسلام آباد کو کمشنر آئی سی ٹی او زون آر ٹی او آفس اسلام آباد بنا دیا گیا۔ عرفان علی کمشنر زون فور ایل ٹی او اسلام آباد کو کمشنر زون تھری لارج ٹیکس پیئرز آفس اسلام آباد مقرر کیا گیا ہے۔ نعیم حسن کمشنر زون تھری لارج ٹیکس پیئرز آفس اسلام آباد کو کمشنر زون فور لارج ٹیکس پیئرز آفس اسلام آباد' عبدالحمید شیخ چیف آئی آر پالیسی کو ڈائریکٹر آئی آر ایس اکیڈمی کراچی مقرر کیا گیا ہے۔ اعجاز حسین کمشنر زون ون میڈیم ٹیکس پیئرز آفس کراچی کو چیف آئی آر آپریشن ایف بی آر اسلام آباد مقرر کیا گیا ہے۔ آصف رسول چیف آئی آر آپریشن کو چیف سیلز ٹیکس آپریشنز ایف بی آر بنایا گیا ہے۔ مرزا ناصر علی ڈائریکٹر تھری ڈائریکٹریٹ آف لاء کراچی کو چیف آئی آر فارمیشنز اسلام آباد اور نوید خان کمشنر آئی سی ٹی او زون آر ٹی او اسلام آباد کو کمشنر آئی آر ریجنل ٹیکس آفس اسلام آباد مقرر کیا گیا ہے۔ ایف بی آر کے نوٹیفکیشن نمبر 3436 آئی آر ون 2023ء مس در مکنون نے چیف ایڈمن پول ایف بی آر کا عہدہ سنبھال لیا ہے۔ پاکستان کسٹم سروس کے بنیادی اسکیل 20 کے عہدیدار محمد اشفاق نوٹیفکیشن نمبر 3383 سی ون 2023ء کے مطابق ایف بی آر کے چیف کے عہدے سے سبکدوش ہو گئے ہیں۔

## پاکستان میں شرح سود خطے کے ممالک کے مقابلے میں سب سے زیادہ ہے

لاہور (بزنس ڈیسک) پاکستان ٹیکس ایڈوائزرز ایسوسی ایشن نے اسٹیٹ بینک کی جانب سے شرح سود 22 فیصد پر برقرار رکھنے کے فیصلے پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مہنگے قرضوں کی وجہ سے مارکیٹ میں سرمائے کی قلت پیدا ہو رہی ہے، پاکستان میں شرح سود خطے کے ممالک کے مقابلے میں سب سے زیادہ ہے۔ ایسوسی ایشن کے صدر میاں عبدالغفار اور جنرل سیکرٹری خواجہ ریاض حسین نے اپنے بیان میں کہا کہ مختلف شعبے یہ توقع کر رہے تھے کہ شرح سود میں کمی کی جائے گی لیکن اسٹیٹ بینک نے مایوس کیا ہے۔ موجودہ بلند شرح پر قرض لے کر کاروبار کرنا ممکن نہیں جس کی وجہ سے مارکیٹ میں بھی سرمائے کی قلت پیدا ہو رہی ہے، خالصتاً کاروباری مقاصد کے لئے لئے جانے والے قرض پر شرح سود کو صفر کیا جائے تا کہ مارکیٹ میں تحرک پیدا ہو سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کاروبار کے لئے بغیر سود قرض کی سکیمیں لائے بلکہ اس پر تاجروں کو مراعات بھی دی جائیں۔


ہفت روزہ "پیپر بزنس" کراچی
کی ویب سائٹ پر گذشتہ شمارے دستیاب ہیں
www.weeklypaperbusiness.com




## کرنٹ اکاؤنٹ خسارے میں 46 فیصد کمی

کراچی (بزنس ڈیسک) پاکستانی معیشت کے لئے مثبت خبر' اسٹیٹ بینک کے مطابق 6 ماہ میں پہلی بار پاکستان کا کرنٹ اکاؤنٹ سرپلس ہوگیا۔ نومبر میں کرنٹ اکاؤنٹ 90 لاکھ ڈالر سرپلس رہا، مالی سال کے پہلے پانچ ماہ میں کرنٹ اکاونٹ خسارہ میں سالانہ بنیادوں پر 64 فیصد جبکہ تجارتی خسارہ میں 28 فیصد کی نمایاں کمی ریکارڈ کی گئی ہے، ملکی برآمدات میں 5 فیصد کا اضافہ جبکہ درآمدات میں 16 فیصد کی کمی ہوئی ہے۔ اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری اعداد و شمار کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے 5 ماہ (جولائی تا نومبر 2023) تک کی مدت میں تجارتی خسارہ (اشیا و خدمات) کا حجم 9.89 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 28 فیصد کم ہے۔ نومبر میں تجارتی خسارہ کا حجم 1.925 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ سال نومبر کے مقابلہ میں 4 فیصد کم اور اکتوبر 2023 کے مقابلہ میں 3 فیصد زیادہ ہے'۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق جاری مالی سال کے پہلے پانچ ماہ میں ملکی برآمدات (اشیا) کا حجم 12.511 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 5 فیصد زیادہ ہے، نومبر میں اشیا کی برآمدات کا حجم 2.731 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو اکتوبر کے مقابلہ میں ایک فیصد کم اور گزشتہ سال نومبر کے مقابلہ میں 22 فیصد زیادہ ہے۔ جاری مالی سال کے پہلے پانچ ماہ میں ملکی درآمدات کا حجم 21.281 ارب ڈالر ریکارڈ کیا گیا جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 16 فیصد کم ہے۔




یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## گوجرانوالہ انٹرمیڈیٹ بورڈ کا لفافوں کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 1201/ اسٹورز
مختلف سائز کے لفافے بمعہ پرنٹنگ (بڑی مقدار میں)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 30 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: اسٹورز برانچ، گوجرانوالہ۔
فون: 055-9200744-9200787

## میڈیکل کالج سیالکوٹ کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

کمپیوٹر پیپر، A4 سائز، 70 گرام،
BLC، تعداد: 3265 ریم۔
کمپیوٹر پیپر، A4 سائز، 80 گرام،
BLC، تعداد: 200 ریم۔
اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: پرچیز سیل، سیالکوٹ۔
فون: 052-9250735

## پنجاب پبلک سروس کمیشن کو پیپر واسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 8/2023-24
فائن پیپر، A3 سائز، ڈبل اے برانڈ، تعداد: 85 ریم۔
کمپیوٹر پیپر، A4 سائز، 80 گرام،
ڈبل اے برانڈ، تعداد: 410 ریم۔
اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: دفتر سیکریٹری، تیسری منزل،
ایل ڈی اے پلازہ، 7۔ ایگرٹن روڈ، لاہور۔
فون: 042-99202726-99202740

## ایجوکیشن یونیورسٹی لاہور کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: UE/Tender/2023-24/27
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 27 دسمبر 2023ء
آنسر شیٹس، اسٹیکر اور دیگر مٹیریل کی پرنٹنگ (بڑی مقدار میں)۔
برائے رابطہ: سیکریٹری، پرچیز کمیٹی، لاہور۔
فون: 042-99262230

## چولستان یونیورسٹی کا پیپر واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 19-2023
پیپر A4 سائز، 70 گرام،
پی پی سی یا مساوی، تعداد: 1065 ریم
پیپر لیگل سائز، 70 گرام، تعداد: 200 ریم
اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: یکم جنوری 2024ء




برائے رابطہ: کنوینر پروکیورمنٹ کمیٹی، نزد ڈی ایچ اے، بہاولپور۔
فون: 062-9255718-731

## پبلک سیکٹر ادارے کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 01/2023
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 4 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: ایڈمن آفیسر، پی او بکس نمبر، 1998، اسلام آباد۔
فون: 051-2612272

## انٹرمیڈیٹ بورڈ حیدرآباد کا پیپر، پرنٹنگ واسٹیشنری کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: BISE/STORE/23/-261
ڈپلیکیٹنگ پیپر، 65 تا 70 گرام، تعداد: 15000 ریم
کمپیوٹر پیپر A4 سائز، 80 گرام، تعداد: 1000 ریم
کمپیوٹر پیپر لیگل سائز، 80 گرام، تعداد: 700 ریم
(ڈبل اے برانڈ)
امتحانی میٹریل کی پرنٹنگ، اسٹیشنری آئٹمز۔
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: اسسٹنٹ سیکریٹری اسٹیبلشمنٹ، حیدرآباد۔
فون: 0318-9300110

## آپھتلمولوجی انسٹیٹیوٹ حیدرآباد کو پرنٹنگ خدمات درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: SIOVS/TENDER-01/2023-24
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 6 جنوری 2024ء
برائے رابطہ: ایگزیکٹو ڈائریکٹر آفس،
بمقام آئی اسپتال، جرنلسٹ کالونی، حیدرآباد۔
فون: 022-6210352-1

## ایگریکلچر یونیورسٹی ملتان کا پرنٹنگ کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: 19/2023-24
آنسر شیٹس اور لفافوں کی پرنٹنگ
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: پروکیورمنٹ آفس، ملتان۔
فون: 061-9201712

## بہاءالدین ذکریا یونیورسٹی ملتان کا پیپر کا ٹینڈر

ٹینڈر حوالہ نمبر: T/2023-24/08
وائٹ امپورٹڈ پیپر، F4 سائز، 80 گرام، تعداد: 3000 ریم۔
امپورٹڈ پیپر، لیگل سائز، 70 گرام، تعداد: 400 ریم۔
امپورٹڈ پیپر، A4 سائز، 70 گرام، تعداد: 600 ریم۔
(برانڈ ڈبل اے یا مساوی)
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 28 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: ٹریژرار، ملتان۔
فون: 111229988 EXT:1318

## منرلز سینٹر لاہور کو اسٹیشنری درکار

ٹینڈر حوالہ نمبر: 11/23-24/MISC
ٹینڈر کلوزنگ کی تاریخ: 26 دسمبر 2023ء
برائے رابطہ: منیجر (پروکیورمنٹ) آفس، پی او بکس نمبر 3013،
فیروز پور روڈ، لاہور۔
فون: 042-99230737-43 EXT:239-345

# ایف بی آر کے ملازمین بھی فائلرز ہو گئے

فیڈرل بورڈ آف ریونیو (ایف بی آر) کے 10 ہزار نان فائلرز ملازمین کے معاملے میں بڑی پیش رفت سامنے آ گئی ہے۔ تفصیلات کے مطابق ایف بی آر کے 10 ہزار نان فائلرز ملازمین کی بڑی تعداد نے فائلر اسٹیٹس حاصل کر لیا ہے، 9820 ملازمین نے ٹیکس ریٹرنز فائل کر دیے ہیں جس کے بعد نان فائلر ملازمین کی تعداد 180 رہ گئی ہے۔ چیئرمین ایف بی آر امجد ٹوانہ نے اس حوالے سے بتایا کہ ایک دو دن میں باقی ملازمین بھی ٹیکس ریٹرن فائل کر دیں گے۔ امجد ٹوانہ کا کہنا تھا کہ 10 ہزار نان فائلر ملازمین 50 ہزار سے کم تنخواہ لینے والے تھے۔ ایف بی آر کے 17 ہزار ملازمین میں سے 10 ہزار کے نان فائلرز ہونے کا انکشاف ہوا تھا۔ واضح رہے کہ اس سے قبل خبر آئی تھی کہ فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے 300 سے زائد ملازم جو اہم عہدوں پر تعینات تھے نان فائلرز نکلے تھے۔ ایف بی آر نے کمشنرز کو ہدایت کی تھی کہ توسیع کی مدت ختم ہونے کے بعد بھی ریٹرن فائل نہ ہونے پر ایف بی آر افسران سمیت نان فائلرز کو نوٹس جاری کریں۔ چیف کمشنر آر ٹی او ون نے ایف بی آر کے 307 نان فائلر افسران اور اہلکاروں کو نوٹسز جاری کیے تھے، جس میں تمام ایف بی آر کے نان فائلر افسران اور اہلکاروں کو فوری انکم ریٹرن فائل کرنے کا کہا گیا تھا۔



یہ شمارہ 70 گرام IK-035 برانڈ آفسیٹ پیپر، انڈونیشیا پر شائع کیا گیا ہے، انتہائی مناسب قیمت پر دستیاب ہے، بکنگ کیلئے رابطہ کریں: IBM فون نمبر 111-426-725

## بقیہ: 18واں عالمی کتب میلہ

دوسرے روز جمعہ 15 دسمبر کو بھی کتب بینی کے شوقین افراد اور طلبا و طالبات نے بڑی تعداد میں شرکت کی جس کی وجہ سے تل دھرنے کی جگہ تک نہ تھی۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق جمعہ کے روز 50 ہزار سے زائد افراد نے عالمی کتب میلے میں شرکت کی۔ جمعہ کو نمائش کے دوسرے دن صبح سے ہی اسکولز، کالجز، یونیورسٹیز کے طلبہ و طالبات، اساتذہ اور شہریوں کی بڑی تعداد کتب میلے میں پہنچ گئی۔ کتب میلے میں ہلال احمر کی جانب سے لگائے گئے اسٹال میں طلبہ کو فرسٹ ایڈ کی آگاہی اور معلومات فراہم کی گئی جبکہ آنکھوں سے محروم افراد کے لئے لگائے گئے اسٹال پر پاکستان میں پہلی بار آنکھوں سے محروم افراد کے لیے ٹیبل کلینڈر متعارف کروایا گیا جو کہ بریل نظام میں تخلیق کیا گیا ہے اس کے علاوہ آنکھوں سے محروم افراد کے لیے قرآنی آیات، درود شریف اور دیگر اسلامی و ملی نظموں کی کتابوں پر شہریوں کی توجہ رہی۔ مذکورہ کتب میلے میں خریداروں کی آسانی کے لیے انتظامیہ کی جانب سے اے ٹی ایم وین کے علاوہ ایکسپو کے اندر نجی بینک کی جانب سے اے ٹی ایم کی سہولت بھی فراہم کی گئی تھی۔ نگراں صوبائی وزیر اطلاعات سندھ محمد احمد شاہ نے 18 ویں کتب میلے کے دورے کے موقع پر کہا ہے کہ کتاب ہماری شناخت ہے کتابوں کا کلچر دنیا سے ختم ہوجائے تو دنیا سے تہذیب ختم ہوجائے گی، کاغذ مہنگا ہونے سے کتابیں مہنگی ہورہی ہیں گذشتہ 2 سال میں کاغذ 4 گنا مہنگا ہوگیا اس لئے وفاقی حکومت کو درآمدی کاغذ پر سبسڈی دینی چاہیے۔ ان کا کہنا تھا کہ لائبریاں سنسان ہورہی ہیں، انہیں آباد کرنے کی ضرورت ہے۔ نمائش کے تیسرے دن جماعت اسلامی کراچی کے امیر حافظ نعیم الرحمن، معراج الہدیٰ صدیقی، ایم کیو ایم کی سینئر رہنما نسرین جلیل اور دیگرا ہم سماجی و ادبی شخصیات نے بھی کتب میلے کا دورہ کیا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد نے کہا ہے کہ 18 سال عالمی کتب میلے کے ذریعے یہ کوشش کی تھی کہ ہم اپنے بچوں کے ہاتھ میں اسلحہ کی جگہ کتب دیں اور آج یہ کوشش بار آور ثابت ہورہی ہے، ہمارے ملک میں بچوں اور خواتین کی تعداد بڑھتی جارہی ہے اور یہاں خواتین اپنے بچوں کو کتب خریدنے کے لیے لارہی ہیں، جب مڈل کلاس کو ہم تعلیم دیں گے تو ہمارے ملک کے بہت سے مسائل حل ہوجائیں گے۔ عزیز خالد کا کہنا تھا کہ تعلیم یافتہ قوم ہی تعلیم یافتہ معاشرہ تشکیل دے سکتی ہے۔ نگراں صوبائی وزیر اطلاعات احمد شاہ کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے آرٹس کونسل میں اس طرح کا کتب میلہ منعقد کرنے کی دعوت دی۔ کراچی ایکسپو سینٹر میں پانچ روزہ اٹھارویں عالمی کتب میلے میں چوتھے روز اتوار 17 دسمبر کو طلباء و طالبات اور شہریوں کی آمد کے تمام سابقہ ریکارڈ ٹوٹ گئے، نمائش میں تل دھرنے کی جگہ نہ رہی، ایک اندازے کے مطابق ڈیڑھ لاکھ سے زائد افراد نے عالمی کتب میلے میں شرکت کی، عالمی کتب میلے میں الخدمت کی جانب سے طلبہ و طالبات اور شہریوں کے لیے منرل واٹر کی موبائل سروس بھی موجود تھی، سیاسی، مذہبی، علمی، ادبی، وکلاء، ججز سمیت دیگر شعبہ ہائے شخصیات کی آمد کا سلسلہ دن بھر جاری رہا، شہریوں کے لیے کتب پر خصوصی رعایت بھی دی گئی تھی، عالمی کتب میلے میں 1 لاکھ 40 ہزار سے زائد کتب موجود ہیں، صبح سے ہی کراچی سمیت سندھ کے دیگر اضلاع سے بھی طلبہ اور شہریوں کی آمد کا سلسلہ جاری رہا، عالمی کتب میلے میں مصنفین کی جانب سے ادبی کتب کی رونمائی ہوئی جبکہ مختلف پبلشرز کی جانب سے علمی و ادبی شخصیات کی حوصلہ افزائی کے لیے سیمینار کا اہتمام کیا گیا، شہریوں کا کہنا تھا کہ عالمی کتب میلے کا ایک فائدہ یہ ہے کہ سستی اور تمام شعبہ جات پر مبنی کتب مہیا ہو جاتی ہیں اور بچوں کی کتب بھی مل جاتی ہیں، اس میلے کی جتنی بھی تعریف کی جائے وہ کم ہے اس کتب نمائش کا پورے سال انتظار کرتے ہیں، طلبہ کے لیے مختلف سرگرمیوں میں کوئز، ٹیبلو اور دیگر مقابلے جاری رہے، عالمی کتب میلے کی انتظامیہ کی جانب سے معذور افراد کو ویل چیئر کا بھی انتظام دیکھنے کو ملا، شہریوں نے عالمی کتب میلے کی انتظامیہ کے رویہ کی تعریف بھی، ہمیشہ کی طرح اس بار بھی اسکول و مدرسہ کے طلبہ کی بڑی تعداد نے کتب نمائش میں شرکت کی، دنیا کی تاریخ میں پہلی بار بچوں میں فلسطین سے آگاہی فراہم کرنے کے لیے کتب میلے میں انبیاء کی سرزمین فلسطین میں شہروں کے نام اور فلسطین میں مختلف عہد میں ہونے والی جنگوں کے مقام کے بارے میں فلسطین بورڈ گیم متعارف کروایا گیا جس میں شہریوں اور طلبہ نے خصوصی دلچسپی کا اظہار کیا، میلے میں آئی ایس پی آر کا اسٹال شہریوں کی توجہ کا مرکز بن گیا اور بچوں، بڑوں اور خواتین کا رش رہا، شہداء، جوانوں کی سوانح اور ان کے کارناموں وشجاعت پر مبنی کتب میں نوجوانوں، بچوں نے دلچسپی لی آئی ایس پی آر کی جانب سے جاری ہلال ماہانہ بنیادوں پر چھپنے والا میگزین بھی لوگوں نے خریدا اور سالانہ ممبر شپ فارم بھی حاصل کئے۔ ایم کیو ایم پاکستان کے کنوینئر ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کتب میلے کے دورے کے موقع پر اپنے خطاب میں کہا کہ کراچی عالمی کتب میلہ خدمت بھی ہے اور عبادت بھی، جو لوگ اس کا انعقاد کررہے ہیں وہ لائق تحسین ہیں، یہ صدی کتابوں کی خوشبو کی آخری صدی ہے، اس کی جتنی خوشبو سمیٹی جاسکتی ہے سمیٹ لی جائے ڈاکٹر خالد مقبول صدیقی نے کہا کہ کتب میلے میں آکر تسلی ہوتی ہے کہ شہر کراچی کے حوالے سے یہ پروپیگنڈا کیا جاتا تھا کہ یہ شہر علم، فہم، دانش اور ادب سے دور ہے، آج یہ سوچ دم توڑ چکی ہے، کتب میلے میں شہر کراچی کی شناخت بنائیں گے، ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ آج کل بہت اچھی کتب چھپ رہی ہیں اس وقت زیادہ تر سوشل سائنس کی کتب کا مطالعہ کرتا ہوں، قبل ازیں خالد مقبول صدیقی نے مختلف اسٹال کا دورہ کیا، پبلشرز کی جانب سے انہیں کتب کا تحفہ دیا گیا، وہ آنکھوں سے محروم افراد کے لیے لگائے گئے اسٹال پر بھی گئے۔ پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے تحت کراچی ایکسپو سینٹر میں منعقدہ 18 واں پانچ روزہ کراچی انٹرنیشنل کتب میلہ کامیابی کے ساتھ 18 دسمبر کو اختتام پذیر ہوگیا۔ نمائش کے آخری دن پبلشرز نے انتہائی رعایتی نرخوں پر کتابیں فروخت کے لئے پیش کر دی تھیں جسے شائقین کتب نے خوب سراہا۔ محتاط اندازے کے مطابق 14 دسمبر سے 18 دسمبر تک جاری رہنے والے عالمی کتب میلے میں شرکاء کی تعداد 5 لاکھ سے تجاوز کرگئی۔ نمائش کا دورہ کرنیوالوں میں اسکولز، کالجز، مدارس، یونیورسٹی کے طلباء و طالبات، خواتین، بزرگ، وکلاء، ریٹائرڈ و حاضر ججز، سیاسی، ادبی علمی، مذہبی، پرائیوٹ اسکولز تنظیمیں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد اور غیر ملکی سفارت کار بھی تھے۔ کتب میلے کے پانچویں روز بھی عوام کا جم غفیر دیکھنے میں آیا اور خریداروں جذبہ بھی قابل دید تھا۔ پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عزیز خالد، کے آئی بی ایف کے کنوینئر وقار متین، ڈپٹی کنوینر سید ناصر حسین، سیکریٹری پاکستان پبلشرز اینڈ بک سیلرز ایسوسی ایشن طحہ جمال، کوآرڈینٹر شیخ عالمگیر یوسف، فلور ہیڈ ندیم اختر، میڈیا کوآرڈینٹر عابد زبیر اور دیگر ممبران نے کراچی سمیت سندھ اور ملک کے دیگر شہروں سے عالمی کتب میلے میں آنیوالوں کا خصوصی شکریہ ادا کیا اور کہا کہ کتب میلے میں طلبہ و طالبات اور شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت سے ہمارا حوصلہ بڑھا اور شرکاء نے کتاب لگاؤ رکھنے اور اس سے محبت کا ثبوت دیا۔ عالمی کتب میلے کے کنوینر وقار متین کا کہنا تھا کہ اس کتب میلے میں شہریوں اور طلبہ کی شرکت کے تمام سابقہ ریکارڈ ٹوٹ گئے گزشتہ عرصہ کے مقابلے میں اس عالمی کتب میلہ میں شہریوں سے شرکت زیادہ رہی ہے تقریبا ساڑھے 5 لاکھ افراد اس کتب میلے میں شریک ہوئے ہیں۔ پبلشرز کے پاس تمام اسٹاکس ختم ہوگئے تھے۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ عالمی کتب میلے کے آخری وقت میں مزید 40 سے 45 پبلشرز اور بک سیلرز نے میلے میں شرکت کی خواہش ظاہر کی تھی مگر جگہ نہ ہونے کے باعث ہم نے ان سے معذرت کر لی تھی۔ ہم آئندہ اس کتب میلے کو پاکستان کے دوسرے شہروں کو لے جانے کی کوشش کریں گے۔

## ڈپٹی گورنر اسٹیٹ بینک بھی 5 ہزار کا جعلی نوٹ نہ پہچان سکے

